پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

02/12/2021

قومی دیہی گزربست مشن کیلئے 10271.61 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ: ۲/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اترپردیش حکومت نے رواں مالیاتی سال 22-2021 میں ریاستی دیہی گزربسر مشن کے تحت جاری مرکزی جز کے مقابلے میچنگ ریاستی جز کی رقم 10271.61 لاکھ روپئے جاری کرتے ہوئے کمشنر دیہی ترقیات، اترپردیش کے اختیار میں رکھے جانے کی ہدایت دی ہے۔ اسکیم میں 60 فیصد مرکزی جز اوراس کے مقابلے 40 فیصد ریاستی جز کا بندوبست ہے۔

اس ضمن میں محکمۂ دیہی ترقیات کے ذریعہ حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ منظور کی جارہی رقم ضابطہ کے مطابق خرچ /استعمال کیلئے مقررہ خاکہ پر استعمالی سند حاصل کیے جانے کی ذمہ داری کمشنر دیہی ترقیات اور مشن ڈائرکٹر، ریاستی دیہی گزربسر مشن کی ہوگی۔

☆☆☆☆☆